SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

September 11, 2020

**2020 کے سرکلر نمبر 27 کے حوالے سے وضاحت**

اسلام آباد (ستمبر 10): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) انشورنس ڈویژن نے 2020 کے سرکلر نمبر 27 کے حوالے سے وضاحت جاری کر دی ہے۔

انشورنس آرڈیننس، 2000 ("آرڈیننس") نے متعلقہ انشورنس کمپنیوں کے حوالے سے پالیسی ہولڈرز کی دادرسی کے لئے ایک جامع فریم ورک فراہم کر دیا ہے۔ مذکورہ تین فورمز، جو خود مختار ہیں، وفاقی انشورنس محتسب، سمال ڈسپیوٹس ریزولوشن کمیٹیز اور انشورنس ٹریبونلز پر مشتمل آرڈیننس کے تحت دستیاب ہیں۔ پالیسی ہولڈرز کی شکایات کے مؤثر تدارک کے لئے، یہ ضروری ہے کہ پالیسی ہولڈران کو فراہم کی گئی سہولیات سے آگاہ ہوں اور ایس ای سی پی نے یہ یقینی بنانے کی کوشش کی ہے کہ پالیسی ہولڈر کمپلینٹ فورمز سے بخوبی واقف ہوں۔

گزشتہ کئی سالوں سے، ایس ای سی پی نے مشاہدہ کیا ہے کہ پالیسی ہولڈر، اپنے کلیم کے حل یا اپنی شکایات کے حل کے لئے متعلقہ بیمہ کاروں سے رابطہ کیے بغیر، براہ راست ایس ای سی پی کے ساتھ اور دیگر شکایات حل کرنے والے فورمز کے ساتھ اپنی شکایات درج کر رہے ہیں۔ لہذا پالیسی ہولڈرز کی آگہی کے لئے ایس ای سی پی نے مؤرخہ 4 ستمبر 2020 کو سرکلر جاری کیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ پالیسی ہولڈرز اپنی شکایات کے حل کے لئے متعلقہ انشورنس کمپنی سے رجوع کریں اور اگر انشورنس کمپنی آپ کی شکایات کا ازالہ کرنے میں ناکام رہے یا آپ کمپنی کے جواب سے مطمئن نہ ہو تو، آپ مندرجہ ذیل دفاتر وفاقی انشورنس محتسب، سمال ڈسپیوٹ ریزولوشن کمیٹیز، انشورنس ٹریبونلز اور ایس ای سی پی کے ساتھ اپنی شکایات کا اندراج کروا سکتے ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005